# پیغام:

دنیا کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورتِ حال، ٹیکنالوجی کا زندگی کے ہر گوشے میں بہت زیادہ عمل دخل، لمحہ لمحہ کی خبر، بار بار وہی خبر اور اس کانت نئے انداز میں فرد تک پہنچ جانا۔ وہ گھر ہو، سفر ہو، کسی تقریب میں ہو حتیٰ کہ اپنے بستر پر ہو، کروٹ بدلتے ہی، آنکھ کھلتے ہی قریب رکھا موبائل ہو کہ ٹیبلٹ ہو یا دیوار پر لگی اسکرین۔۔ نیم بیزاری کے عالم ہی میں اسے نئی نئی، اچھوتی اور انہونی خبریں دنیا کے کونے کونے سے مہیا ہو جاتی ہیں۔ خبروں کا یہ خزانہ ایک طرف اس کی معلومات میں اضافے کا سبب بنتا ہے تو دوسری طرف اسے اپنے منصوبے کو از سرِ نو ترتیب دینے کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ رات تک جس کام کو وہ مکمل کر کے سوتا ہے آنکھ کھلتے ہی نئے خیالات اور منصوبے اس کے طے شدہ کام کو دوبارہ اسی کام میں پھر لگا دیتے ہیں اور کام پورا ہونے میں نہیں آتا۔ ایسے میں انسان کبھی بددل ہو جاتا ہے کبھی احساس کمتری کا شکار عموماً بہت مایوس۔۔ پھر رد عمل بے دلی، بیماری، خودکشی، لڑائی جھگڑے اور قتل و غارت تک بھی پہنچ جاتی ہے۔ ایسے میں اس اشرف المخلوقات کو اس کے مقام کا احساس اگر دلاتی ہے تو وہ رب کی عطا کردہ رہنمائی۔۔ جس کے ذریعے عقل کی لگام دے کر اسے قابو میں آنا اور لانا سکھایا۔ بار بار احساس دلایا کہ عقل والا اور بے عقل کیا فرق رکھتا ہے۔ ہر فرد کو اس کا طے شدہ کام اور اس کی حد بتا دی۔ ہر کام کا مکلف نہیں کیا۔

ایمان کی روشنی کی رمق بھی اگر دل میں آجاتی ہے رب کا یہ فرمان اس روشنی کو بڑھانے کا ذریعہ بنتا ہے۔

(قَالَ وَمَن يَقْنَطُ مِن رَّحْمَةِ رَبِّهِ إِلَّا الضَّالُّونَ" (الحجر۔۶۵"

ترجمہ: اپنے رب کی رحمت سے مایوس تو گمراہ لوگ ہی ہوا کرتے ہیں۔

والسلام

مبین طاہرہ

نگران جامعات المحصنات پاکستان

## مطالعاتی دورہ:

سفر نہ صرف تفریح کا باعث ہوتا ہے بلکہ یہ مشاہدے میں اضافہ کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ جامعات المحصنات پاکستان کے تمام کیمپسز میں مطالعاتی دورہ ایک دیرینہ روایت ہے۔ اسی مقصد کے حصول کے لئے جامع جھنگ نے کھیوڑہ اور کلر کہار، جامعہ لاہور نے بحریہ ٹاؤن مسجد، جبکہ جامعہ اسلام آباد نے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ جس میں طالبات و اساتذہ کو قدرت کی صناعی کے براہِ راست مشاہدہ کا موقع ملا اور ان کی معلومات میں بہت اضافہ ہوا۔

## میں اپنے صحرا کے ذرے ذرے کو خود چمکنا سکھا رہا ہوں:

الحمد اللہ جامعۃ المحصنات کراچی کی طالبہ مریم رب نواز جنہوں نے رابطۃ المدارس کے امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی نے انٹر آرٹس پرائیوٹ کے امتحان میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ جامعات المحصنات پاکستان اپنی اس ہونہار طالبہ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## ویلیو بیسڈ مینجمنٹ (VBM):

جامعات المحصنات پاکستان اپنے افراد کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے وقتاً فوقتاً مختلف تربیتی پروگرام کا انعقاد کرواتا ہے۔ اسی سلسلے میں جامعہ کوئٹہ اور مانسہرہ میں سہ روزہ ویلیو بیسڈ مینجمنٹ (VBM) پروگرام کا انعقاد کیا گیا جو سینئر ریسرچ فیلو رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد ارشد احمد بیگ نے کنڈکٹ کروایا۔

## جامعہ لاہور ویلکم پارٹی:

جامعۃ المحصنات لاہور میں نئی آنے والی طالبات کے اعزاز میں ویلکم پارٹی کا انعقاد کیا گیا جس میں طالبات نے مختلف پراگرامات پیش کئے جسے بہت سراہا گیا۔

## حجاب ڈے:

جامعۃ المحصنات منصورہ سندھ، اٹک، کراچی اور لاہور میں یوم حجاب کے موقع پر پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں لیکچرز اور ورکشاپس کا اہتمام ہوا۔ جامعہ کراچی کی طالبات نے مشاعرہ بھی پیش کیا نیز مختلف چارٹس بھی آویزاں کئے۔

## ہر گھڑی تیار کامران ہیں ہم۔۔۔

یوم دفاع پاکستان مادرِ وطن کی تاریخ کا ایک سنہری باب ہے کہ جب جرات و جانثاری کی ایک نئی داستان رقم کی گئی۔ آج جب دشمن دوبارہ سر اٹھا رہا ہے تو نئی نسل کو ستمبر 1965ء کے اس جذبہ اور ہمت سے آگاہ کرنے کی اہمیت دوچند ہو جاتی ہے۔ اسی لئے جامعۃ المحصنات منصورہ سندھ، لاہور، جھنگ اور ملتان میں یوم دفاع کے حوالے سے طالبات کے لئے پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں طالبات کو بتایا گیا کہ اس وقت کس طرح پوری قوم وطن عزیز کے دفاع کے لئے سینہ سپر ہو گئی تھی۔ اس موقع پر طالبات نے بھی اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج بھی اس سرزمین کے دفاع کے لئے ہم اپنا تن من دھن لٹانے کے لئے تیار ہیں۔ جامعہ کراچی میں اس حوالے سے چارٹ لگائے گئے، ملی نغموں کا مقابلہ ہوا اور ملٹی میڈیا پریزنٹیشن کے ذریعہ افواجِ پاک اور قوم کی کاوشوں اور قربانیوں پر روشنی ڈالی گئی۔ علاوہ ازیں جامعہ ٹوبہ میں اس موقع پر پوسٹر سازی کا مقابلہ ہوا جس کا موضوع تھا "ہم کیسا پاکستان چاہتے ہیں"۔ بعد ازاں مقابلہ میں اول دوم سوم آنے والی طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

## فلسفہ حج و قربانی:

جامعۃ المحصنات کراچی، منصورہ سندھ، حب اور لاہور میں فلسفہ حج و قربانی پر لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں طالبات کو حضرت ابراہیمؑ کی آزمائشوں اور قربانیوں اور حج کے فلسفہ سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر طالبات کے مابین چارٹس کا مقابلہ بھی ہوا۔

## عید ملن اور باربی کیو پارٹی:

عید الاضحیٰ کی چھٹیوں کے بعد جامعہ منصورہ سندھ میں عید ملن پارٹی جبکہ جامعہ کراچی میں باربی کیو پارٹی کا اہتمام کیا گیا جسے طالبات نے بہت سراہا۔

## VALUE BASED MANAGEMENT:-

Jamiaatulmohsanat Pakistan organizes trainaing sessions to enhance the skills of its members.In this regard a three days session of value based management (VBM) was arranged at jamiaquetta&mansehra .it was conducted by senior research fellow of riphah international university Mr. Arshadahmedbaig.

## -WELCOME PARTY IN LAHORE JAMIAA:_

A welcome party was arranged by Jamia Lahore for new commers in which senior students presented various programmes.All the events were very much enjoyed by the audience.

## 3-HIJAB ...MY DIGNITY..MY RIGHT..:_

Jamiaat ul Mohsanaat Mansora Sindh,Attock, Karachi & Lahore celebrated hijab day with great enthusiasm .Various workshops & lectures were conducted in which speakers asked that Allah tells us to cover ourselves & to hide our beauty which elevates the dignity of women.Meanwhile students of aalmia at Jamia Karachi presented a poetic symposiam (mushaira)&displayed the charts regarding this event.

## EDUCATIONAL TRIP:-

It is said that the world is a book & those who do not travel read only a page.In order to increase in the knowledge & experience JMP time to time organizes educational trips for students. In this respect Jamia Jhung arrange study tour to Kalarkhar & Khewra ,Jamia Lahore visited bahria town

mosque while Jamia Attock visited worth seen places of Islamabad.During these trips the students not only exerienced scenic beauty of Pakistan but also gain knowledge.

## 5-DEFENCE DAY:-

Defence day is one of the most event in the history of our homeland;the day when example of bravery was set. In order to aware the students with the causes & importance of $6^{th}$sep 1965, all campuses of JMP arranged different programmes.Jamia Mansoora Sindh, Lahore &jhung organised lecture & presentations in which the sacrifies of our army & civillians were described . Students also expressed their emotion by speeches &anthums.Moreover in jamia Karachi charts were displayed & multimedia presentation was arranged .

## 1- ALHAMDULILLAH….

Alhamdulillah ,MariamRab Nawaz ,student of Jamia Karachi who had achieved $1^{st}$ position in rabta tul madaris examination secured $3^{rd}$ position in inter arts private 2016 exams under Karachi board. Jamiaat ul Mohsanaat Pakistan congratulates to Mariam RabNawaz , her parents & teachers on this success.

## 6 – EID MILAN & BBQ PARTY:-

After the vacation of Eid ul Adha eid milan party was celebrated at jamia Mansoora Sindh while in jamia Karachi BBQ party was arrange .Students enjoyed very much in both the events.

## MESSEGE OF HAJJ & QURBANI:-

Qurbani is the sunnah of Hazrat Ibrahim(AS).In order to aware the students about the actual philoshy & messege of qurbani & hajj Jamia Karachi,Mansoora Sindh,Hub & Lahore arranged lectures in

which speakers asked that both these acts are performed in the remeberance of sacrifices of Hazrat Ibrahim (AS) & to seek Allah (SWT) pleasure & closeness.Meanwhile a comepetition of charts & poster was also arranged among the students.